دکھوں کا علاج

www.KitaboSunnat.com

۲۵۲
ی-د

ترتیب

محمد عظیم حاصل پوری

خطیب جامع مسجد تاج متصل جامعہ محمدیہ جی ٹی روڈ، گوجرانوالہ

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

قُلْ أَطِيعُوا اللَّهَ وَأَطِيعُوا الرَّسُولَ

مجلس التحقیق الاسلامی زیر اہتمام

محدث لائبریری

کتاب وسنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

معزز قارئین توجہ فرمائیں

- کتاب وسنت ڈاٹ کام پر دستیاب تمام الیکٹرانک کتب... عام قاری کے مطالعے کیلئے ہیں۔
- مجلس التحقیق الاسلامی کے علمائے کرام کی باقاعدہ تصدیق واجازت کے بعد (Upload) کی جاتی ہیں۔
- دعوتی مقاصد کیلئے ان کتب کو ڈاؤن لوڈ (Download) کرنے کی اجازت ہے۔

تنبیہ

ان کتب کو تجارتی یا دیگر مادی مقاصد کیلئے استعمال کرنے کی ممانعت ہے
کیونکہ یہ شرعی، اخلاقی اور قانونی جرم ہے۔

اسلامی تعلیمات پر مشتمل کتب متعلقہ ناشرین سے خرید کر تبلیغ دین کی
کاوشوں میں بھرپور شرکت اختیار کریں

PDF کتب کی ڈاؤن لوڈنگ، آن لائن مطالعہ اور دیگر شکایات کے لیے
درج ذیل ای میل ایڈریس پر رابطہ فرمائیں۔

KitaboSunnat@gmail.com

www.KitaboSunnat.com

www.KitaboSunnat.com

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com

بسم الله الرحمن الرحيم

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com

دکھوں کا علاج

ترتیب

محمد عظیم حاصل پوری

خطیب جامع مسجد تاج عقب جامعہ محمدیہ جی ٹی روڈ، گوجرانوالہ

مکتبہ حسین محمد

جامع مسجد علی المرتضیٰ نور روڈ، صدیقیہ کالونی باداڑی باغ لاہور، فون نمبر: 7281350

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com

18671

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

دعا کیا ہے؟

﴿وَقَالَ رَبُّكُمُ ادْعُوْنِيْٓ أَسْتَجِبْ لَكُمْ﴾ (المؤمن: ٦٠)

''اور تمہارا رب فرماتا ہے مجھ سے دعا کرو میں تمہاری دعائیں قبول کروں گا۔''

حمد و ثناء کے بعد۔ دعا کئی معنوں میں مستعمل ہے جن میں سے مدد طلب کرنا، سوال کرنا، آواز دینا، تعریف بیان کرنا وغیرہ ہیں۔ دعا ایک عظیم عبادت ہے اور قربِ الٰہی کا ذریعہ بھی۔ یہ ایک ایسی عبادت ہے جس سے خالق و مخلوق کے درمیان عبد و معبود کا وہ رشتہ استوار ہوتا ہے جس کے بغیر زندگی کا دامن محرومیوں سے بھرا رہتا ہے۔ اللہ کے ہاں سب

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com

زیادہ عزت والی کوئی چیز نہیں۔ رسول کریم ﷺ نے فرمایا:
''کوئی چیز اللہ کے ہاں دعا سے بڑھ کر عزت والی نہیں۔''

(صحيح الترمذی: ٢٦٨٤)

کیونکہ اس نے جن وانس کو پیدا ہی اس لیے کیا ہے کہ اس کی عبادت کریں اور دعا ہی عبادت ہے، تو جب کوئی شخص دعا کرتا ہے تو وہ اپنی تخلیق کا مقصد پورا کر رہا ہے اس لیے اس کی دعا سے بڑھ کر اللہ تعالیٰ کو کوئی چیز عزیز نہیں۔ اسی لیے اللہ تعالیٰ فرماتے ہیں:

﴿قُلْ مَا يَعْبَؤُا بِكُمْ رَبِّي لَوْلَا دُعَآؤُكُمْ﴾ (الفرقان: ٧٧)
''کہہ دیجیے! میرا پروردگار تمہاری کوئی پرواہ نہیں کرتا اگر تمہاری دعا نہ ہو۔''

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com

یعنی دعا کا مفہوم کچھ یوں سمجھ لیجئے کہ جب بندہ ہر طرف سے مایوس ہوکر تمام اسباب سے اپنا دامن جھاڑ بیٹھتا ہے۔ جب تدبیریں اس کا ساتھ چھوڑ دیتی ہیں اور مادی وسائل بے کار ہوجاتے ہیں تو پھر اپنے خالق کی قوت کا اعتراف کرتے ہوئے انسان اللہ کی طرف رخ کرتا ہے کیونکہ اس کے علاوہ کائنات میں کوئی بھی اسے سامانِ راحت وسرور میسر نہیں کرسکتا۔ اسی کا نام دعا ہے۔ دیکھئے خالق کائنات کی ادا بھی کیسی ہے کہ اگر کوئی دعا کرتا ہے مانگتا ہے تو خوش ہوتا ہے نہیں مانگتا تو ناراض ہوجاتا ہے۔

رسول اللہ ﷺ نے فرمایا:

''جو شخص اللہ تعالیٰ سے دعا نہیں کرتا اللہ تعالیٰ اس سے

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com

ناراض ہوتا ہے۔" (ترمذی: ۳۳۷۳)

مومن بندہ اگر دعا کے آداب و شرائط (یعنی اخلاص، جلدی نہ کرنا، بھلائی کی دعا، حضورِ قلب، رزق حلال، نبی ﷺ پر درود وغیرہ) کا خیال رکھتے ہوئے دعا کرے تو اس کی دعا کبھی ردّ نہیں کی جاتی۔ اللہ تعالیٰ فرماتے ہیں:

"اور تمہارے رب نے فرمایا ہے کہ تم مجھے پکارو میں تمہاری دعائیں قبول کروں گا۔" (مومن:٦٠)

نبی کریم ﷺ نے فرمایا:

"کوئی شخص ایسا نہیں کہ وہ اللہ تعالیٰ سے دعا کرے اور اس کی دعا قبول نہ ہو یا پھر اس کی مانگی ہوئی چیز اسے عطا کردیتے ہیں یا پھر اسی کی مثل کسی برائی کو دور کردیتے ہیں۔

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com

معاملہ یونہی چلتا رہتا ہے۔ جب تک وہ کسی گناہ یا قطع رحمی کی دعا نہیں کرتا۔" (ترمذی: ۳۳۸)

جیسا کہ تقدیر کے بارے میں آپ ﷺ نے فرمایا:

"تقدیر سے بچنے کی کوشش کرنا ہرگز فائدہ نہیں دے سکتا۔ البتہ اللہ سے دعا کرنا ہر اس مصیبت میں فائدہ دے سکتا ہے جو انسان پر نازل ہوئی ہے یا نازل نہیں ہوئی۔ اے اللہ کے بندو! تمہارے لیے ضروری ہے کہ دعا کیا کرو۔ (احمد: ۵/ ۲۳٤)

نبی کریم ﷺ نے دعا کرنے کی تلقین کے ساتھ ساتھ اس کے مبارک اور قبولیت کے اوقات بھی شمار فرمائے ہیں۔ مثلاً رات کے پچھلے پہر میں۔ اذان اور اقامت کے دوران میں، نماز میں، سجدے میں، نمازوں کے بعد، جنگ میں،

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com

جمعہ کے دن کی خاص گھڑی میں، یومِ عرفہ میں، لیلۃ القدر میں، بارش برستے وقت میں وغیرہ۔ نیز آپ ﷺ نے چند ایسے حالات بھی ذکر کیے جن میں دعا کبھی بھی ردّ نہیں کی جاتی۔ مثلاً مظلوم، مسافر، باپ کی بیٹے کے حق میں، حج وعمرہ کرنے والے کی۔ غازی فی سبیل اللہ کی بھائی کی عدم موجودگی میں اس کے لیے، عادل حکمران کی وغیرہ۔

ہم اللہ ربّ العالمین سے دعا کرتے ہیں کہ اللہ ہمیں صحیح معنوں میں مومن بنائے اور ہماری دعاؤں کو ایسا بنادے جو تیری بارگاہِ اقدس میں قبولیت کا رتبہ پائیں چنانچہ یہ مختصر سا رسالہ ''دکھوں کا علاج'' کے عنوان سے پیش خدمت ہے جس میں ایسی دعائیں رقم کی گئی ہیں جو انسان کی جسمانی و

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com

روحانی بیماریوں اور دکھوں کا بہترین علاج ہے۔ دعا کیجیے کہ اللہ تعالیٰ اس کو پیش کرنے والوں اور تمام معاونین اور قارئین کرام کے لیے ذریعہ نجات بنائے۔ (آمین)

خادم الدین
محمد عظیم حاصل پوری

05-11-2006

❀❀❀❀

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com

دکھوں کا علاج

ا: جنات سے بچاؤ کی دعا:

آیۃ الکرسی پڑھنے والا بندہ جنات سے محفوظ ہوجاتا ہے۔(صحیح الترغیب : ۱/۲۷۳)

نیز اللہ کی طرف سے اس کے ساتھ ایک محافظ مقرر ہوجاتا ہے اور شیطان اس کے قریب نہیں آتا۔

(بخاری مع الفتح ۹/۷۸)

۲: زہریلے جانور کے زہر سے بچاؤ کے لیے دعا:

مندرجہ ذیل دعا پڑھنے والے کو زہریلے جانور کا ڈنگ نقصان نہیں دے گا۔(صحیح الترمذی ۳/۱۸۷)

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com

اَعُوْذُ بِكَلِمَاتِ اللّٰهِ التَّامَّاتِ
مِنْ شَرِّ مَا خَلَقَ

''میں اللہ کے کامل کلمات کے ساتھ پناہ پکڑتا ہوں ہر اس چیز کے شر سے جو اس نے پیدا کی۔''

۳: مصیبت سے نجات کی دعا:

لَا اِلٰهَ اِلَّا اَنْتَ سُبْحَانَكَ اِنِّي كُنْتُ
مِنَ الظّٰلِمِيْنَ

''تیرے علاوہ کوئی عبادت کے لائق نہیں تو پاک ہے یقیناً میں ظالموں میں سے ہوں۔'' (ترمذی: ۳۵۰۵)

۴: جسے مصیبت پہنچے وہ یہ دعا کرے:

تو اللہ تعالیٰ اسے ضرور نعم البدل عطا کریں گے:

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com

إِنَّا لِلّٰهِ وَإِنَّآ إِلَيْهِ رَاجِعُوْنَ اَللّٰهُمَّ أَجِرْنِيْ فِيْ مُصِيْبَتِيْ وَاخْلُفْ لِيْ خَيْرًا مِنْهَا

''یقیناً ہم اللہ ہی کی ملکیت ہیں اور بلاشبہ ہم اسی کی طرف لوٹ کر جانے والے ہیں۔ اے اللہ! مجھے میری مصیبت میں اجر دے اور مجھے اس کے بدلے میں اس سے بہتر چیز عطا فرما۔'' (مسلم: ۹۱۸)

۵: مصیبت زدہ کو دیکھنے کی دعا:

نبی کریم ﷺ نے فرمایا: ''جو کسی مصیبت زدہ کو دیکھ کر یہ دعا پڑھے تو اس پر مصیبت نہیں آئے گی۔

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِيْ عَافَانِيْ مِمَّا ابْتَلَاكَ بِهٖ وَفَضَّلَنِيْ عَلٰى كَثِيْرٍ مِّمَّنْ خَلَقَ تَفْضِيْلًا

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com

''تمام تعریف اسی اللہ کے لیے ہے جس نے مجھے اس چیز سے عافیت دی جس میں تجھے مبتلا کیا اور اس نے مجھے اپنے پیدا کئے ہوئے بہت سے لوگوں پر بڑی فضیلت بخشی۔''

(صحیح الترمذی ۳/۱۵۳)

٦: مشکل کام کی آسانی کے لیے دعا:

اَللّٰھُمَّ لَا سَھْلَ اِلَّا جَعَلْتَہٗ سَھْلًا وَاَنْتَ تَجْعَلُ الْحُزْنَ اِذَا شِئْتَ سَھْلًا

(صحیح ابن حبان: ۲٤۲۷)

''اے اللہ! کوئی کام آسان نہیں ہے مگر جسے تو آسان کر دے اور تو جب چاہتا ہے تو مشکل کو آسان کر دیتا ہے۔''

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com

۷: سانپ کے ڈسنے پر دم:

حضرت ابو سعید خدری رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ بعض صحابہ کرام رضی اللہ عنہم نے سفر کی حالت میں ایک بستی کے سردار کو جسے سانپ نے ڈسا تھا، سورۃ فاتحہ سے دم کیا تو اللہ تعالیٰ نے اسے شفا دے دی۔ (بخاری: ۹/ ۵۰۰۷)

۸: بچھو کے کاٹنے پر دم:

نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کو نماز کے دوران بچھو نے کاٹا۔ جب آپ صلی اللہ علیہ وسلم نماز سے فارغ ہوئے تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے کہا: بچھو پر اللہ کی مار پڑے کہ وہ نہ نمازی کو چھوڑتا ہے نہ غیر کو۔ پھر آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے پانی اور نمک منگوایا اور اس مقام پر جہاں بچھو نے کاٹا تھا ڈالنے لگے اور سورہ ﴿قُلْ هُوَ اللّٰهُ اَحَدٌ، قُلْ

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com

أَعُوْذُ بِرَبِّ الْفَلَقِ، قُلْ أَعُوْذُ بِرَبِّ النَّاسِ﴾ پڑھ کر دم کرنے لگے۔ (مصنف ابن ابی شیبہ ۲۲/ ۲۳۵٤۳)

۹: بیمار آدمی کے لیے دم:

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ مرض الموت والی بیماری میں آپ صلی اللہ علیہ وسلم اپنے آپ کو معوذات پڑھ کر یعنی سورۃ الفلق اور سورۃ الناس پڑھ کر دم کرتے پھر میں آپ صلی اللہ علیہ وسلم کو انہیں کے ساتھ دم کرتی۔ (بخاری ۱٤/ ٥۰۱٦)

۱۰: جادو کی دوری کے لیے دُعا:

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم (جادو کے اثر سے) جب بیمار ہوئے تو معوذات پڑھ کر اپنے آپ کو دم کیا کرتے اور اپنا ہاتھ مبارک جسم پر پھیرتے۔

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com

(بخاری: ۵۰۱۶/۱۴)

۱۱: دردِ جسم کے لیے دم:

جسم میں درد کے وقت وہاں ہاتھ رکھ کر یہ دم نبی کریم ﷺ نے حضرت عثمان رضی اللہ عنہ بن ابی العاص کو بتایا۔

طریقہ...... تین مرتبہ بسم اللہ اور سات مرتبہ یہ دم

أَعُوْذُ بِاللّٰهِ وَقُدْرَتِهٖ وَسُلْطَانِهٖ مِنْ شَرِّ مَا أَجِدُ وَأُحَاذِرُ

(مسلم: ۲۲۲)

۱۲: زہریلی چیز اور پھوڑے و پھنسی کے لیے دم:

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے مروی ہے وہ بیان کرتی ہیں کہ جب کوئی شخص مریض ہوتا یا اسے کوئی زخم وغیرہ ہوتا تو نبی

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com

کریم ﷺ اپنی انگلی کے ساتھ اس طرح کرتے پھر راوی حدیث سفیان بن عیینہ رحمہ اللہ نے (نبی کریم ﷺ کے اس عمل کی وضاحت کے لیے) اپنی انگشت شہادت کو زمین پر رکھا پھر اسے اٹھایا اور کہا:

بِسْمِ اللّٰهِ تُرْبَةُ أَرْضِنَا بِرِيْقَةِ بَعْضِنَا لِيُشْفَى بِهٖ سَقِيْمُنَا بِإِذْنِ رَبِّنَا

''اللہ کے نام کی مدد سے ہماری زمین کی مٹی ہم میں سے کسی کے تھوک کے ساتھ تاکہ ہمارا مریض شفا پا جائے ہمارے رب کے حکم سے۔'' (مسلم: ٢١٩٤)

۱۳: طبیعت ناساز ہو تو دم:

جب بھی کبھی نبی کریم ﷺ کی طبیعت ناساز ہوتی تو

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com

جبرائیل عَلَیْہِ السَّلَام آپ کو یہ دم کیا کرتے تھے:

بِسْمِ اللّٰهِ اَرْقِيْكَ مِنْ كُلِّ شَيْئٍ يُؤْذِيْكَ مِنْ شَرِّ كُلِّ نَفْسٍ اَوْ عَيْنِ حَاسِدٍ اللّٰهُ يَشْفِيْكَ بِسْمِ اللّٰهِ اَرْقِيْكَ

(مسلم: ٢١٨٦)

''اللہ کے نام کے ساتھ میں دم کرتا ہوں ہر اس چیز سے جس نے آپ کو اذیت دی اور ہر شریر نفس سے یا ہر حاسد کی نظر بد سے۔ اللہ آپ کو شفا دے میں اللہ کے نام کے ساتھ دم کرتا ہوں۔''

۱۴: ہر نقصان دہ چیز سے حفاظت کی دُعا:

خولہ بنت حکیم رضی اللہ عنہا بیان فرماتی ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com

نے فرمایا:

”جو بندہ اس دعا کو کسی منزل میں اتر کر پڑھے تو کوچ کرنے تک اس کو کوئی چیز نقصان نہیں دے سکتی“

اَعُوْذُ بِكَلِمَاتِ اللّٰهِ التَّامَّاتِ مِنْ شَرِّ مَا خَلَقَ

(مسلم: ۲۷۰۸)

”میں اللہ کے کامل کلمات کے ذریعے سے مخلوق کے شر سے پناہ مانگتا ہوں۔“

۱۵: خطرے سے بچاؤ کی دعا:

ابو موسیٰ اشعری رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو جب کسی قوم سے خطرہ ہوتا تو یہ دعا کیا کرتے تھے:

اَللّٰهُمَّ اِنَّا نَجْعَلُكَ فِيْ نُحُوْرِهِمْ

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com

وَنَعُوْذُبِكَ مِنْ شُرُوْرِهِمْ

(ابو داؤد: ۱۵۳۷)

''اے اللہ! ہم تجھ کو ان کے سامنے کرتے ہیں اور تیرے ذریعے سے ان کی شرارتوں سے پناہ مانگتے ہیں۔''

۱۶: مریض کے لیے دعا:

نبی کریم ﷺ مریض پر دایاں ہاتھ پھیرتے اور یہ دعا پڑھتے:

اَللّٰهُمَّ رَبَّ النَّاسِ، أَذْهِبِ الْبَأْسَ وَاشْفِ أَنْتَ الشَّافِيْ لَا شِفَاءَ إِلَّا شِفَاؤُكَ شِفَاءً لَا يُغَادِرُ سَقَمًا.''

(بخاری: ۵۷۴۳)

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com

"اے اللہ! لوگوں کے رب، تکلیف کو دور فرمادے تو شفا عطا فرما تو ہی شفا دینے والا ہے تیری ہی شفاء، شفاء ہے، تو ایسی شفاء دے جو بیماری کو نہ چھوڑے۔"

۱۷: ہر قسم کے نقصان سے بچاؤ کی دعا:

رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: جو بندہ ہر روز صبح و شام تین مرتبہ یہ دعا پڑھے تو اس کو کوئی چیز نقصان نہیں پہنچائے گی۔

بِسْمِ اللّٰهِ الَّذِیْ لَا یَضُرُّ مَعَ اسْمِهٖ شَیْءٌ فِی الْاَرْضِ وَلَا فِی السَّمَآءِ وَهُوَ السَّمِیْعُ الْعَلِیْمُ

"اللہ کے نام کے ساتھ جس کے نام کے ساتھ زمین و آسمان میں کوئی چیز نقصان نہیں پہنچاتی اور وہی سننے والا جاننے والا ہے۔" (ابو داؤد: ۵۰۸۸)

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com

نیز مندرجہ ذیل دعا پڑھنے والے کو اچانک کوئی مصیبت نہیں آئے گی۔ (صحیح ابی داؤد ۳/۹۵۸)

۱۸: ہر شر سے پناہ کی دعا:

شکل بن حمید کو نبی کریم ﷺ نے یہ دعا سکھائی:

اَللّٰهُمَّ اِنِّی اَعُوْذُبِكَ مِنْ شَرِّ سَمْعِیْ وَمِنْ شَرِّ بَصَرِی وَمِنْ شَرِّ لِسَانِیْ وَمِنْ شَرِّ قَلْبِیْ وَمِنْ شَرِّ مَنِیِّی

(ابوداؤد: ۱۵۵۱)

''اے اللہ! میں اپنے کان، آنکھ، زبان، دل اور شرم گاہ کے شر سے پناہ مانگتا ہوں۔''

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com

۱۹: گمشدہ چیز اور بیوہ عورت کے لیے وظیفہ:

حضرت اُمّ سلمہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جو بندہ یہ وظیفہ مصیبت کے وقت (وہ کیسی ہی کیوں نہ ہو) پڑھے گا، اللہ اس کو اس کی مصیبت میں اجر دے گا اور اس کا نعم البدل بھی دے گا۔

اَللّٰھُمَّ اَجِرْنِیْ فِیْ مُصِیْبَتِیْ وَاخْلُفْ لِیْ خَیْرًا مِنْھَا

(مسلم: ۹۱۸)

''اے اللہ! مجھے میری مصیبت میں اجر دے اور مجھے اس کے بدلے میں اس سے بہتر عطا فرما۔''

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com

۲۰: آندھی اور طوفان کے وقت کا وظیفہ:

عقبہ بن عامر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم آندھی و طوفان کے وقت معوذات کو پڑھا کرتے تھے اور اس کی مجھے بھی تلقین کی۔ (ابو داؤد: ۳۵۴)

۲۱: قید سے رہائی کے لیے دعا:

ایک قیدی کی رہائی کا یہ بہترین وظیفہ ہے جو حضرت یونس علیہ السلام نے ایک سخت ترین قید میں کیا تو رہائی نصیب ہوئی۔

﴿لَا اِلٰهَ اِلَّا اَنْتَ سُبْحَانَكَ اِنِّي كُنْتُ مِنَ الظّٰلِمِيْنَ﴾

(الانبیاء: ۸۷)

۲۲: دائمی بیماری سے نجات کا وظیفہ:

جس کو کسی دائمی بیماری نے جکڑ رکھا ہو تو اسے حضرت ایوب علیہ السلام

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com

کا وظیفہ اپنانا چاہیے جس سے انہیں نجات نصیب ہوئی:

﴿اَنِّیْ مَسَّنِیَ الضُّرُّ وَاَنْتَ اَرْحَمُ الرّٰحِمِیْنَ﴾

(الانبیاء: ۸۳)

۲۳: طلب اولاد کا بہترین وظیفہ:

یہ وظیفہ حضرت ابراہیم علیہ السلام نے کیا تو حضرت اسماعیل علیہ السلام جیسا فرزند پیدا ہوا:

﴿رَبِّ هَبْ لِیْ مِنَ الصّٰلِحِیْنَ﴾ (الصّٰفّٰت: ۱۰۱)

اور ایک وہ وظیفہ جسے حضرت زکریا علیہ السلام نے کیا:

﴿رَبِّ هَبْ لِیْ مِنْ لَّدُنْكَ ذُرِّیَّةً طَیِّبَةً اِنَّكَ سَمِیْعُ الدُّعَآءِ﴾ (آل عمران: ۳۸)

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com

۲۴: بہتر رشتوں کی طلب کے لیے وظیفہ:

قرآن مجید روحانی جسمانی اور دیگر مسائل کا حل ہے، جو شخص اس آیت کا وظیفہ کرے گا اللہ تعالیٰ اس کے بیٹے بیٹیوں کے لیے بہترین رشتے عطا فرمائے گا میں نے مایوس والدین کو یہ وظیفہ بتلایا اللہ تعالیٰ نے ان کے لیے بہترین اسباب پیدا فرمائے۔

﴿وَهُوَ الَّذِیْ خَلَقَ مِنَ الْمَآءِ بَشَرًا فَجَعَلَهٗ نَسَبًا وَّصِهْرًا وَّكَانَ رَبُّكَ قَدِیْرًا﴾ (الفرقان: ٥٤)

۲۵: جنت کا خزانہ حاصل کرنے کی دعا:

ابوموسیٰ رضی اللہ عنہ کو نبی پاک صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ جنت کے خزانوں میں سے ایک خزانہ بتایا۔

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com

لَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ إِلَّا بِاللّٰهِ

(بخاری: ٦٤٠٩)

٢٦: مشکل کام کے حل کی دعا:

اَللّٰهُمَّ لَا سَهْلَ إِلَّا مَا جَعَلْتَهُ سَهْلًا وَاَنْتَ تَجْعَلُ الْحُزْنَ إِذَا شِئْتَ سَهْلًا

(صحیح ابن حبان: ٢٤٢٧)

"اے اللہ! کوئی کام آسان نہیں مگر جسے تو آسان کر دے اور تو جب چاہتا ہے مشکل آسان کر دیتا ہے۔"

٢٧: بچوں کو پناہ دینے والے کلمات:

رسول اللہ ﷺ حسن اور حسین رضی اللہ عنہما کو ان کلمات کے ساتھ پناہ دیتے تھے:

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com

اُعِيْذُ بِكَلِمَاتِ اللّٰهِ التَّامَّةِ مِنْ كُلِّ شَيْطَانٍ وَّهَامَّةٍ وَّمِنْ كُلِّ عَيْنٍ لَامَّةٍ

(بخاری: ۳۳۷۱)

"میں تم دونوں کو شیطان اور زہریلے جانور سے اور ہر الگ جانے والی نظر سے اللہ کے مکمل کلمات کے ساتھ پناہ دیتا ہوں۔"

۲۸: غم وفکر اور قرضہ سے نجات کی دعا:

نبی کریم ﷺ نے ابوامامہ رضی اللہ عنہ سے دریافت کیا، اے ابوامامہ رضی اللہ عنہ (کیا بات ہے) ابھی تو نماز کا وقت نہیں ہوا تم مسجد میں کیوں بیٹھے ہو؟ اس نے عرض کیا: اے اللہ کے رسول ﷺ! مجھے غموں اور قرضوں نے پریشان کر رکھا

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com

ہے۔ آپ ﷺ نے فرمایا: کیا میں تمہیں ایسا کلام نہ بتاؤں جس کے پڑھنے سے اللہ عزوجل تمہارے غم دور کر دیں گے اور تمہارا قرض بھی ادا ہوجائے گا؟ اس نے عرض کیا: کیوں نہیں، فرمایئے؟ اس پر آپ ﷺ نے یہ دعا صبح و شام پڑھنے کو فرمائی:

اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ اَعُوْذُبِكَ مِنَ الْهَمِّ وَالْحُزْنِ وَاَعُوْذُبِكَ مِنَ الْعَجْزِ وَالْكَسْلِ وَاَعُوْذُبِكَ مِنَ الْبُخْلِ وَالْجُبْنِ وَاَعُوْذُبِكَ مِنْ غَلَبَةِ الدَّیْنِ وَقَهْرِ الرِّجَالِ

''یا اللہ! میں فکر سے تیری پناہ مانگتا ہوں۔ معذوری و کاہلی سے تیری پناہ مانگتا ہوں، بخیلی اور بزدلی سے تیری پناہ مانگتا

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com

ہوں، قرض کے غالب آ جانے اور لوگوں کے دباؤ سے تیری پناہ مانگتا ہوں۔" (ابو داؤد: ۱۵۵۵)

ابوامامہ رضی اللہ عنہ کہتے ہیں کہ میں نے یہ دعا پڑھی تو اللہ تعالیٰ نے میرے تمام غم دور کر دیے اور میرا تمام قرضہ بآسانی ادا کروا دیا۔

۲۹: اندھے پن، کوڑھ پن اور فالج سے بچاؤ کی دُعا:

قبیصہ بن مخارق رضی اللہ عنہ سے نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اے قبیصہ جب تو فجر کی نماز پڑھ لے تو تین بار کہہ:

"سُبْحَانَ اللّٰهِ الْعَظِيْمِ وَبِحَمْدِهٖ"

تو تو اندھے پن، کوڑھ پن اور فالج سے محفوظ رہے گا۔

(احمد ۵/ ۶۰)

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com

۳۰: نیند میں بے چینی اور گھبراہٹ کی دعا:

اَعُوْذُ بِکَلِمَاتِ اللّٰهِ التَّامَّاتِ مِنْ غَضَبِهٖ وَعِقَابِهٖ وَشَرِّ عِبَادِهٖ وَمِنْ هَمَزَاتِ الشَّيَاطِيْنِ وَاَنْ يَّحْضُرُوْنِ

(صحیح ترمذی: ۳/ ۷۱)

"میں اللہ کے مکمل کلمات کی پناہ پکڑتا ہوں، اس کے غصے اور اس کی سزا سے اور اس کے بندوں کے شر سے اور شیطانوں کے چوکوں سے اور اس بات سے کہ وہ میرے پاس حاضر ہوں۔"

۳۱: صالح اولاد کے طلب کی دُعا:

﴿رَبِّ هَبْ لِيْ مِنَ الصّٰلِحِيْنَ﴾ (الصّٰفّٰت: ۱۰۱)

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com

''اے میرے رب، مجھے صالح (اولاد) عطا فرما۔''

﴿رَبِّ هَبْ لِيْ مِنْ لَّدُنْكَ ذُرِّيَّةً طَيِّبَةً اِنَّكَ سَمِيْعُ الدُّعَآءِ﴾ (آل عمران: ٣٨)

٣٢: اولاد کی بھلائی اور مستقبل کے لیے دعا:

﴿رَبَّنَا هَبْ لَنَا مِنْ اَزْوَاجِنَا وَذُرِّيّٰتِنَا قُرَّةَ اَعْيُنٍ وَّاجْعَلْنَا لِلْمُتَّقِيْنَ اِمَامًا﴾ (الفرقان: ٧٤)

''اے ہمارے پروردگار! ہم کو اپنی بیویوں سے اولاد عطا کر جن کی طرف سے (ہماری) آنکھیں ٹھنڈی ہوں اور ہمیں پرہیزگاروں کا امام بنا۔''

﴿رَبِّ اَوْزِعْنِيْٓ اَنْ اَشْكُرَ نِعْمَتَكَ الَّتِيْٓ اَنْعَمْتَ عَلَيَّ وَعَلٰي وَالِدَيَّ وَاَنْ اَعْمَلَ صَالِحًا تَرْضٰهُ

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com

وَاَصْلِحْ لِيْ فِيْ ذُرِّيَّتِيْ اِنِّيْ تُبْتُ اِلَيْكَ وَاِنِّيْ مِنَ الْمُسْلِمِيْنَ﴾ (الاحقاف : ١٥)

''اے میرے پروردگار! مجھ کو ایسی توفیق دے کہ میں تیرے اس احسان کا شکر کروں جو تو نے مجھ پر اور میرے ماں باپ پر کیا اور میں ایسے نیک کام کرتا رہوں جس سے تو راضی ہو اور میری اولاد کو بھی لائق (صالح، نیک) بنادے، میں نے تیری بارگاہ میں توبہ کی اور میں تیرا فرمانبردار ہوں۔''

۳۲: غصہ دور کرنے کی دعا:

''اَعُوْذُ بِاللّٰهِ مِنَ الشَّيْطَانِ الرَّجِيْمِ''

(صحیح بخاری: ٦١١٥)

''میں اللہ کی پناہ میں آتا ہوں شیطان مردود سے۔''

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com

۲۴: جنت میں لے جانے والی دعا:

جو شخص صبح (یا دن) کے وقت یقین سے سید الاستغفار پڑھے اور شام سے پہلے فوت ہوجائے وہ جنتی ہوگا اور اسی طرح جو شام (یا رات) کو پڑھے اور صبح سے پہلے فوت ہوجائے وہ بھی جنتی ہوگا۔

اَللّٰهُمَّ اَنْتَ رَبِّيْ لَا اِلٰهَ اِلَّا اَنْتَ خَلَقْتَنِيْ وَاَنَا عَبْدُكَ وَاَنَا عَلٰى عَهْدِكَ وَوَعْدِكَ ،مَا اسْتَطَعْتُ، اَعُوْذُ بِكَ مِنْ شَرِّ مَا صَنَعْتُ، اَبُوْءُ لَكَ بِنِعْمَتِكَ عَلَيَّ وَاَبُوْءُ بِذَنْبِيْ، فَاغْفِرْلِيْ فَاِنَّهٗ لَا يَغْفِرُ الذُّنُوْبَ اِلَّا اَنْتَ

(بخاری: ٦٣٠٦)

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com

''اے اللہ! تو ہی میرا رب ہے، تیرے علاوہ کوئی عبادت کے لائق نہیں، تو نے مجھے پیدا کیا اور میں تیرا بندہ ہوں اور میں تیرے عہد اور وعدے پر قائم ہوں جس قدر طاقت رکھتا ہوں، میں نے جو کچھ کیا اس کے شر سے پناہ مانگتا ہوں، اپنے آپ پر تیری نعمت کا اقرار کرتا ہوں اور اپنے گناہ کا اعتراف کرتا ہوں پس مجھے بخش دے کیونکہ تیرے سوا کوئی گناہوں کو نہیں بخش سکتا۔''

۲۵: حضرت آدم علیہ السلام کی دعا:

﴿رَبَّنَا ظَلَمْنَآ اَنْفُسَنَا ٚ وَاِنْ لَّمْ تَغْفِرْلَنَا وَتَرْحَمْنَا لَنَكُوْنَنَّ مِنَ الْخٰسِرِيْنَ﴾ (الاعراف: ٢٣)

''اے ہمارے پروردگار! ہم نے اپنے نفسوں پر ظلم کیا اور اگر

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com

تو نے ہم کو معاف نہ کیا اور ہم پر رحم نہ کیا تو ہم خسارہ پانے والوں میں سے ہو جائیں گے۔''

۳۶: حضرت موسیٰ علیہ السلام کی دُعا:

﴿رَبِّ اِنِّیْ لِمَآ اَنْزَلْتَ اِلَیَّ مِنْ خَیْرٍ فَقِیْرٌ﴾

(القصص: ۲٤)

''اے میرے رب! کوئی بھی چیز جو تو میری طرف نازل کر دے میں اس کا محتاج ہوں۔''

۳۷: حضرت ایوب علیہ السلام کی دعا:

﴿وَ اَیُّوْبَ اِذْ نَادٰی رَبَّهٗۤ اَنِّیْ مَسَّنِیَ الضُّرُّ وَ اَنْتَ اَرْحَمُ الرّٰحِمِیْنَ﴾ (الانبیاء: ۸۳)

''اور ایوب کی اس حالت کو یاد کرو جب کہ اس نے اپنے

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com

پروردگار کو پکارا۔ اے میرے رب! یقیناً مجھے تکلیف پہنچی ہے اور تو رحم کرنے والوں میں سب سے زیادہ رحم کرنے والا ہے۔"

۳۸: حضرت یونس علیہ السلام کی دعا:

﴿لَآ اِلٰهَ اِلَّآ اَنْتَ سُبْحٰنَكَ اِنِّيْ كُنْتُ مِنَ الظّٰلِمِيْنَ﴾

(الانبیاء: ۸۷)

"تیرے سوا کوئی سچا معبود نہیں تو پاک ہے بے شک میں ظالموں میں سے ہوں۔"

۳۹: حضرت ابراہیم علیہ السلام کی دعا:

حَسْبِيَ اللّٰهُ وَنِعْمَ الْوَكِيْلُ

(بخاری فی التفسیر /۱۲)

"مجھے اللہ ہی کافی ہے اور وہ اچھا کارساز ہے۔"

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com

۴۰: قرآنی دعائیں:

۱: ﴿رَبِّ اغْفِرْ لِي وَلِوَالِدَيَّ وَلِمَنْ دَخَلَ بَيْتِيَ مُؤْمِنًا وَّلِلْمُؤْمِنِينَ وَالْمُؤْمِنَاتِ﴾ (النوح: ۲۸)

۲: ﴿رَبَّنَا تَقَبَّلْ مِنَّا إِنَّكَ أَنْتَ السَّمِيعُ الْعَلِيمُ وَ تُبْ عَلَيْنَا إِنَّكَ أَنْتَ التَّوَّابُ الرَّحِيمُ﴾

(البقرہ: ۱۲۷ تا ۱۲۸)

۳: ﴿رَبَّنَا اغْفِرْلِيْ وَ لِوَالِدَيَّ وَ لِلْمُؤْمِنِيْنَ يَوْمَ يَقُوْمُ الْحِسَابُ﴾ (ابراھیم: ۴۱)

۴: ﴿رَبِّ اجْعَلْنِيْ مُقِيْمَ الصَّلٰوةِ وَ مِنْ ذُرِّيَّتِيْ رَبَّنَا وَ تَقَبَّلْ دُعَآءِ﴾ (ابراھیم: ۴۰)

۵: ﴿رَبِّ اشْرَحْ لِيْ صَدْرِيْ وَ يَسِّرْلِيْٓ اَمْرِيْ

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com

﴿وَاحْلُلْ عُقْدَةً مِّنْ لِّسَانِيْ يَفْقَهُوْا قَوْلِيْ﴾

(طٰه: ۲۵۔۲۸)

۶: ﴿رَّبِّ زِدْنِيْ عِلْمًا﴾ (طٰه: ۱۱۴)

۷: ﴿رَبِّ اَعُوْذُ بِكَ مِنْ هَمَزَاتِ الشَّيٰطِيْنِ وَاَعُوْذُ بِكَ رَبِّ اَنْ يَّحْضُرُوْنِ﴾

(المؤمنون: ۹۷۔۹۸)

۸: ﴿رَبَّنَآ اٰتِنَا فِي الدُّنْيَا حَسَنَةً وَّ فِي الْاٰخِرَةِ حَسَنَةً وَّ قِنَا عَذَابَ النَّارِ﴾ (البقرة: ۲۰۱)

۹: ﴿حَسْبِيَ اللّٰهُ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ عَلَيْهِ تَوَكَّلْتُ وَ هُوَ رَبُّ الْعَرْشِ الْعَظِيْمِ﴾ (التوبه: ۱۲۹)

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com

طب نبوی اور بیماریوں کا علاج

۱: حضرت سلمٰی ام رافع رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ نبی کریم ﷺ کو کوئی بھی زخم آتا یا کانٹا چبھ جاتا تو اس پر مہندی لگا لیتے۔ (صحیح ابن ماجه : ۲۸۲۱)

۲: جنگ احد میں جب آپ کو زخم آئے تو فاطمہ رضی اللہ عنہا نے آپ ﷺ کے زخموں کو دھویا اور چٹائی کو جلا کر زخم پر چپکا دیا جس سے خون آنا بند ہو گیا۔

(صحیح بخاری: ۵٦۸۰)

۳: ایک دفعہ نبی کریم ﷺ کو درد شقیقہ یعنی آدھے سر کو درد شروع ہوگئی تو آپ ﷺ نے اپنے سر میں سینگی لگوائی۔ (صحیح بخاری: ۵۷۰۱)

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com

۴: حضرت جابر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنے پاؤں میں موچ کی وجہ سے اپنے کولہے میں سینگی لگوائی۔ (صحیح ابی داؤد: ۳۲۷۲)

۵: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: تم لوگ اس عود ہندی کا استعمال کیا کرو کیونکہ اس میں سات بیماریوں کا علاج ہے، حلق کے درد میں اسے ناک میں ڈالا جاتا ہے اور پسلی کے درد میں چبائی جاتی ہے (عود ہندی قسط بحری ہے)(صحیح بخاری: ۵۶۹۲)

۶: دل کے مریض کے لیے سو.جی، دودھ اور شہد وغیرہ سے بنا ہوا حلوہ استعمال کروانا باعث شفا ہے۔

(صحیح بخاری: ۵۶۸۹)

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com

۷: نظر بد والے مریض کو جس کی نظر لگی ہے اس کے وضو کا مستعمل پانی مریض کے اوپر بہا دینے سے مریض تندرست ہو جاتا ہے۔ (صحیح ابن ماجہ: ۲۸۲۸)

۸: رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: جس نے صبح کے وقت سات عجوہ کھجوریں کھالیں اس دن اسے نہ زہر نقصان پہنچا سکتا ہے اور نہ جادو۔ (صحیح بخاری: ۵۷۶۹)

۹: مریض کو کسی کھانے پر مجبور نہ کیا جائے۔

(صحیح ابن ماجہ۲۷۷۷)

۱۰: کلونجی میں موت کے سوا ہر بیماری کی شفا ہے۔

(صحیح بخاری: ۵۶۸۸)

۱۱: سنا مکی اور زیرہ استعمال کیا کرو کیونکہ ان دونوں میں موت

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com

کے سوا ہر بیماری کی شفا ہے۔ (صحیح ابن ماجہ: ۲۷۸٤)

۱۲: شہد میں شفا ہے (النحل: ٦٩) (خصوصاً پیٹ کی بیماریوں کے لیے)

۱۳: رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: بخار کی شدت جہنم کی تپش سے ہے لہٰذا اسے پانی کے ساتھ ٹھنڈا کرو (یعنی گرمی والے بخار کا علاج بار بار غسل کرنا ہے)

(صحیح ابن ماجہ: ۲۷۹٦)

۱۴: کھمبی کا پانی آنکھوں کی بیماریوں کے لیے شفا ہے۔

(صحیح بخاری: ۵۷۰۸)

۱۵: نبی کریم ﷺ نے حرام اشیاء کو بطور علاج استعمال کرنے سے منع فرمایا ہے۔ (صحیح ابی داؤد: ۳۲۷۸)

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com

یادداشت

....

....

....

....

....

....

....

....

....

....

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com

المكتبة الرحمانية

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

اللهم صل علی محمد و علی آل محمد
کما صلیت علی ابراہیم و علی آل ابراہیم
انک حمید مجید

اللهم بارک علی محمد و علی آل محمد
کما بارکت علی ابراہیم و علی آل ابراہیم
انک حمید مجید

۲
ع

مکتبہ حسین محمد

جامع مسجد علی المرتضیٰ نور روڈ سنت نگر کالونی بادامی باغ لاہور فون نمبر 7281350